سوال

(169)امام کی لمبی قراءت کی وجہ سے مقتدی کا اکیلا نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام اگر قراءت لمبی کر دے اور مقتدی اکیلا نماز پڑھ کر چل دے تو کیسا ہے؟ کیا اس وقت معاذ بن جبل والی حدیث پر عمل کر سکتے ہیں۔بخاری ''الاذان۔باب اذا طول الامام وکان للرجل حاجۃ فخرج وصلی''؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازوں میں رسول اللہﷺ سے منقول قراءت سے لمبی قراءت میں یہ غور ہو سکتا ہے مگر میرے علم میں آج کل کوئی امام بھی رسول اللہﷺ کی نمازوں میں قراءت سے لمبی قراءت نہیں کرتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص155

محدث فتویٰ